امریکی ڈسٹرکٹ کورٹ برائے مشرقی ڈسٹرکٹ نیو یارک

Philip Calderon et al v. Public Partnerships LLC

کیس نمبر 25-cv-2320 (FB)(LKE)

کلاس ایکشن نوٹس

امریکی ڈسٹرکٹ کورٹ کی جانب سے منظور شدہ

دیگر زبانوں میں یہ مواد ***PublicPartnershipsSettlement.com*** ***پر دستیاب ہے***

کیا آپ ایک ذاتی مددگار ہیں جسے نیو یارک شہر، نساؤ کاؤنٹی، سافک کاؤنٹی اور/یا ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں 1 مارچ 2025 سے لے کر 30 اپریل 2026 کے درمیان میں، صارف کے ہدایت یافتہ ذاتی مددگار پروگرام (CDPAP) کے حصے کے طور پر ادا کی گئی خدمات کے عوض Public Partnerships LLC کی جانب سے بطور ریاست گیر مالیاتی ثالث کے ادائیگی کی گئی تھی؟

آپ رقم کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

امریکی ڈسٹرکٹ کورٹ نے *Calderon et al v. Public Partnerships LLC*. کے کلاس ایکشن مقدمے میں ایک ابتدائی تصفیے کی منظوری دی ہے۔

اس تصفیے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، اس نوٹس کا مطالعہ کریں یا تصفیے کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

وہ کلیدی امور جن کا جاننا ضروری ہے:

- اگر آپ کوئی بھی اقدام نہیں کرتے، تو آپ خودکار طور پر کلاس کے رکن بن جائیں گے اور تصفیے سے رقم حاصل کر سکتے ہیں۔ ماسوائے یہ کہ آپ علیحدگی اختیار کر لیں، عدالت کا فیصلہ آپ پر نافذ ہو گا، اور آپ انہی معاملات پر Public Partnerships LLC کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

- **دیگر دعووں کے علاوہ، یہ تصفیہ Public Partnerships LLC کے خلاف 23 جون 2026 تک موجود ایسے دیگر تمام دعووں کو بھی ختم کر دیتا ہے، جو اجرت اور گھنٹوں کے وفاقی قانون، مزدوری کے منصفانہ معیارات کے ایکٹ (FLSA) کے نتیجے میں پیدا ہوتے ہوں۔** اگر آپ اس تصفیے سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے، خود کو اس تصفیے سے خارج نہیں کرتے اور عدالت تصفیہ منظور کر لیتی ہے، تو ایسے میں آپ FLSA خلاف ورزیوں کے خلاف کوئی بھی دعویٰ کرنے کے حق سے دستبردار ہو جاتے ہیں، جس میں FLSA کے تحت 23 جون 2026 تک واجب الادا کوئی بھی غیرادائیگی شدہ اجرتیں اور کوئی بھی دستیاب جرمانے شامل ہیں۔

- آپ مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کر سکتے ہیں: **www.PublicPartnershipsSettlement.com**

ہرست مضامین

اس نوٹس کے بارے میں 3

مجھے ایک میل یا ٹیکسٹ پیغام کے ذریعے ایک نوٹس کیوں موصول ہوا ہے؟ 3

اب مجھے کیا کرنا ہو گا؟ 3

مقدمے کے بارے میں معلومات 4

یہ مقدمہ کس بارے میں ہے؟ 4

Public Partnerships LLC کا موقف کیا ہے؟ 4

اس مقدمے میں تصفیہ کیوں کیا گیا ہے؟ 5

کیا عدالت نے یہ طے کیا ہے کہ مدعیان یا Public Partnerships LLC نے مقدمہ جیت لیا ہے؟ 5

اس مقدمے میں اب کیا ہو گا؟ 5

مقدمے کے بارے میں معلومات 6

تصفیے کے تحت کیا فراہم کیا جائے گا؟ 6

مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میں اس تصفیے کا حصہ ہوں؟ 7

میری ادائیگیاں کتنی ہوں گی؟ 7

کیا کوئی ٹیکس لیا جائے گا اور کون ادا کرے گا؟ 7

تصفیاتی کلاس میں موجود رہنے کے لیے میں کس چیز سے دستبردار ہوتا ہوں؟ 7

طے کرنا کہ کیا کِیا جائے 8

میں اپنی آپشنز پر کس طرح غور و فکر کروں؟ 8

ادائیگی وصول کرنا 9

میں اپنی ادائیگی کیسے وصول کروں گا؟ 9

کیا اس قانونی چارہ جوئی میں میرے پاس کوئی وکیل موجود ہے؟ 9

کیا اس مقدمے میں مجھے وکلاء کو ادائیگی کرنا ہو گی؟ 9

علیحدگی اختیار کرنا 10

اگر میں اس تصفیے کا حصہ نہیں بننا چاہتا تو کیا ہو گا؟ 10

میں کیسے علیحدگی اختیار کروں؟ 10

اعتراض کرنا 10

اگر مجھے تصفیے پر اعتراض ہو تو کیا ہو گا؟ 10

کچھ نہیں کرنا چاہتے 11

کچھ نہیں کرنے کے کیا نتائج ہوں گے؟ 11

اہم وسیلہ جات 11

میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟ 11

اس نوٹس کے بارے میں

مجھے ایک میل یا ٹیکسٹ پیغام کے ذریعے ایک نوٹس کیوں موصول ہوا ہے؟

اگر آپ نے بذریعہ ای میل یا ٹیکسٹ پیغام ایک نوٹس موصول کیا ہے، تو ہمارے ریکارڈز آپ کی شناخت متاثرہ افراد کے گروہ کے رکن کے طور پر کرتے ہیں، جو "کلاس" کہلاتا ہے۔ یہ نوٹس آپ کو ایک کلاس ایکشن مقدمے ***Calderon et al v. Public Partnerships LLC*** میں تصفیے کے بارے میں بتاتا ہے۔ مجوزہ تصفیہ ایسے تمام موجودہ اور سابقہ ذاتی مددگاروں کا احاطہ کرے گا، جنہوں نے صارف کے ہدایت یافتہ ذاتی مددگار پروگرام (CDPAP) کے حصے کے طور پر نیو یارک شہر، نساؤ کاؤنٹی، سافک کاؤنٹی اور/یا ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی (مجموعی طور پر "زیریں ریاست کے ذاتی مددگاران") میں 1 مارچ 2025 سے لے کر 30 اپریل 2026 کے درمیان کسی بھی وقت خدمات فراہم کیں اور جنہیں Public Partnerships LLC کی جانب سے بطور ریاست گیر مالیاتی ثالث کے ادائیگی کی گئی تھی۔ تصفیاتی معاہدہ کلاس کے اراکین کو حاصل حقوق کو بیان کرتا ہے اور کلاس کے اراکین کو اس بارے میں باخبر فیصلے کرنے میں مدد دیتا ہے کہ کون سے اقدامات کیے جائیں۔

اگر آپ کو بذریعہ ڈاک ایک پوسٹ کارڈ نوٹس موصول ہوا ہے، تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم آپ تک بذریعہ ای میل یا ٹیکسٹ پیغام رسائی اختیار نہیں کر پائے تھے۔ آپ اب بھی کلاس کا حصہ ہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ آپ ہمارے پاس موجود اپنی رابطہ معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے تصفیے کی ویب سائٹ پر لاگ ان کریں یا تصفیاتی ایڈمنسٹریٹر کو ای میل یا کال کریں (PublicPartnershipsSettlement@atticusadmin.com، 1-800-314-2601)۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کلاس کے ایک رکن ہیں لیکن آپ نے کوئی ای میل، ٹیکسٹ یا پوسٹ کارڈ موصول نہیں کیا، تو تصفیاتی ایڈمنسٹریٹر کو 1-800-314-2601 پر کال کریں۔

اب مجھے کیا کرنا ہو گا؟

اس نوٹس کا مطالعہ کریں تاکہ تصفیے کو سمجھ سکیں اور یہ تعین کر سکیں کہ کیا آپ کلاس کے ایک رکن ہیں۔ پھر، یہ طے کریں کہ کیا آپ:

آپشنز	ہر ایک آپشن کے بارے میں مزید معلومات
کچھ نہیں کرنا چاہتے	اگر آپ کچھ نہیں کرتے، تو آپ ایک ادائیگی حاصل کریں گے۔ جو رقم آپ موصول کریں گے، وہ متعدد عوامل پر منحصر ہو گی، بشمول: (1) آپ نے 1 مارچ 2025 اور 30 اپریل 2026 کے درمیان، جبکہ آپ رجسٹرڈ اور مالیاتی ثالث Public Partnerships LLC کی جانب سے ادائیگی موصول کر رہے تھے، تب آپ نے CDPAP کے تحت کتنے گھنٹے کام کیا؛ (2) کیا آپ کو وہ سائن ان بونس، جس کے لیے آپ اہل تھے، موصول نہیں ہوا؛ (3) MEC فوائد کے ضمن میں تفویض شدہ آپ کا معاوضہ؛ اور (4) PTO کے ضمن میں تفویض شدہ آپ کا معاوضہ اور آپ کے PTO بیلنس میں کتنی رقم باقی ہے۔ آپ کچھ ایسے حقوق سے بھی دستبرداری اختیار کر لیں گے جو کہ تصفیے کے ذریعے طے کیے جا چکے ہیں۔ خاص کر آپ اس مقدمے میں قائم کیے گئے دعووں کے لیے اور 23 جون 2026 تک اجرت اور گھنٹوں کے دعووں سے متعلقہ تمام تر دعویٰ جات کے سلسلے میں Public Partnerships LLC کے خلاف مقدمہ دائر کرنے کا حق کھو دیں گے۔ دستبرداری کے اس عمل میں فیئر لیبر اسٹینڈرڈز ایکٹ، نیو یارک لیبر لاء، نیو یارک اسٹیٹ پیڈ سیف اینڈ سک لیو ایکٹ، نیو یارک سٹی پیڈ سیف اینڈ سک لیو ایکٹ، ہوم کیئر ورکر ویج پیرٹی ایکٹ اور معاہدے کی خلاف ورزی کے نتیجے میں کوئی بھی ممکنہ دعوے شامل ہیں۔ ذیل میں موجود سیکشن "تصفیاتی کلاس میں موجود رہنے کے لیے میں کس چیز سے دستبردار ہوتا ہوں" ملاحظہ کریں۔

	آپ تبدیل شدہ طریقہ کار سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ خاص طور پر، 30 اپریل 2026 سے Public Partnerships LLC اب ملازمین سے MEC منصوبے میں شرکت کرنے کا تقاضا نہیں کرتی۔ تبدیلیوں کے بارے میں مزید تفصیلات جو آپ کو فائدہ پہنچائیں گی وہ ذیل میں "تصفیے کے بارے میں آگاہی" کے سیکشن میں فراہم کی گئی ہیں۔
علیحدگی اختیار کرنا	اگر آپ علیحدگی اختیار کرتے ہیں، تو آپ کوئی بھی ادائیگی موصول نہیں کریں گے، تاہم آپ Public Partnerships LLC کے خلاف اپنا کوئی بھی ممکنہ دعویٰ کرنے کا حق برقرار رکھیں گے۔ ذیل میں موجود "علیحدگی اختیار کرنا" نامی سیکشن ملاحظہ کریں۔
اعتراض کرنا	عدالت کو یہ بتائیں کہ آپ کو یہ تصفیہ کیوں نہیں پسند آیا۔ آپ علیحدگی اختیار کرنے کی صورت میں اعتراض نہیں کر سکتے۔ اگر آپ اعتراض کرتے ہیں اور پھر بھی تصفیہ کسی نہ کسی طرح طے پا جاتا ہے، تو بھی ایک ادائیگی موصول کریں گے۔ ذیل میں موجود "اعتراض کرنا" نامی سیکشن ملاحظہ کریں۔

تصفیے کی تفصیلات اور یہ سمجھنے کے لیے کہ ہر انتخاب آپ کے لیے کیا معنی رکھتا ہے، اس نوٹس کا مطالعہ جاری رکھیں۔

مقدمے کے بارے میں معلومات

یہ مقدمہ کس بارے میں ہے؟

چار انفرادی مدعیان فلپ کالڈیرون، ایلیسن فیلڈز، فرشاد پنچاسی اور ڈینا فولگر ("مدعیان" یا "کلاس نمائندگان") کا دعویٰ ہے کہ Public Partnerships LLC کارکنوں کو قانون کے مطابق واجب الادا اجرت بروقت اور درست شرح کے مطابق ادا کرنے میں ناکام رہی ہے، جو فیئر لیبر اسٹینڈرز ایکٹ اور نیو یارک لیبر لاء کی خلاف ورزی ہے۔

مدعیان نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ Public Partnerships LLC کی جانب سے پیش کردہ فوائد نیو یارک کے ہوم کیئر ورکر ویج پیریٹی ایکٹ کے تقاضوں کے مطابق نہیں ہیں۔ مدعیان نے یہ مقدمہ تمام متاثرین کی جانب سے، نیز اپنی جانب سے قائم کیا۔

میں اس بارے میں مزید کہاں سے جان سکتا ہوں؟

آپ مجوزہ تصفیے اور اس مقدمے کی دیگر کلیدی دستاویزات کی ایک مکمل نقل یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں:
PublicPartnershipsSettlement.com/Settlement-Documents

مجوزہ تصفیہ ایسے تمام موجودہ اور سابقہ ذاتی مددگار افراد کا احاطہ کرے گا جنہیں 1 مارچ 2025 اور 30 اپریل 2026 کے درمیان کسی بھی وقت نیو یارک شہر، نساؤ کاؤنٹی، سافک کاؤنٹی اور/یا ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں (مجموعی طور "زیریں ریاست کے ذاتی مددگار") CDPAP کے حصے کے طور پر خدمات کی انجام دہی کے لیے Public Partnerships LLC کی جانب سے بطور ریاست گیر مالیاتی ثالث کے ادائیگی کی گئی تھی۔

Public Partnerships LLC کا موقف کیا ہے؟

Public Partnerships LLC مقدمے میں عائد کیے گئے الزامات سے اختلاف کرتی ہے اور کسی بھی خلاف ضابطہ عمل کی تردید کرتی ہے۔ Public Partnerships LLC نے مقدمہ جاری رہنے سے ہونے والے وقت کے ضیاع اور اخراجات سے بچنے کے لیے، نیز اس لیے تصفیہ کیا ہے کہ وہ صارفین اور ان نگہداشت فراہم کنندگان پر پوری طرح توجہ مرکوز رکھ سکے جن کی وہ ملک بھر میں معاونت کرتی ہے۔

اس مقدمے میں تصفیہ کیوں کیا گیا ہے؟

1 مئی 2026 کو، مدعیان اور Public Partnerships LLC نے تصفیے پر اتفاق کیا تھا جس کا مطلب ہے کہ انہوں نے اس مقدمے کو حل کرنے کے لیے باہمی معاہدہ کر لیا ہے۔ دونوں فریق مزید قانونی کارروائی کے خطرات اور اخراجات سے بچنا چاہتے ہیں۔

یہ تصفیہ ان کارکنوں کی جانب سے ہے جنہوں نے یہ مقدمہ دائر کیا تھا، نیز تصفیہ کلاس کے تمام اراکین کی جانب سے بھی ہے۔ عدالت نے اس مقدمے کا فیصلہ کسی بھی فریق کے حق میں نہیں دیا ہے، اور نہ ہی یہ تعین کیا ہے کہ کوئی بھی فریق اس مقدمے میں مخصوص رقم حاصل کر سکتا ہے۔

کلاس ایکشن تصفیہ کیا ہوتا ہے؟
کلاس ایکشن تصفیہ فریقین کے مابین ایک معاہدہ ہوتا ہے تاکہ مقدمے کو حل کیا جائے اور اسے ختم کیا جائے۔ تصفیے کلاس کے اراکین کو رقم فراہم کر سکتے ہیں اور ان طریقہ ہائے کار میں تبدیلیاں لاتے ہیں کہ جن کے بارے میں مدعیان نے الزام عائد کیا ہو کہ انہوں نے کلاس کے اراکین کو نقصان پہنچایا ہے۔

منظور ہونے کی صورت میں، یہ تصفیہ مقدمے کی کارروائی کو آگے بڑھنے سے روک دے گا۔ اگر کیس پر قانونی کارروائی جاری رہتی ہے، تو ایسے میں یہ امکان ہے کہ Public Partnerships LLC یہ جیت جائے اور کارکنان کو کچھ بھی وصول نہ ہو۔ یہ امکان بھی موجود ہے کہ Public Partnerships LLC سے تقاضا کیا جائے کہ وہ اس رقم سے زیادہ کی ادائیگی کرے کہ جس کی ادائیگی پر اس نے ابھی اس تصفیے کے تحت اتفاق کیا ہے۔

کلاس کاؤنسل، Katz Banks Kumin LLP کے اٹارنیز اور مدعیان کی نمائندگی کرنے والی دی لیگل ایڈ سوسائٹی نے حقائق اور دعووں اور دفاع کے حوالے سے قابل نفاذ قوانین پر تفتیش کی ہے۔ فریقین ایک غیرجانبدار فریقِ ثالث کی ثالثی کی مدد سے طویل اور آزادانہ مذاکرات کے بعد اس تصفیے تک پہنچے ہیں۔ کلاس کے نمائندگان اور کلاس کاؤنسل یہ سمجھتے ہیں کہ تصفیہ منصفانہ، معقول اور موزوں ہے اور کلاس کے بہترین مفاد میں ہے۔

کیا عدالت نے یہ طے کیا ہے کہ مدعیان یا Public Partnerships LLC نے مقدمہ جیت لیا ہے؟

نہیں۔ یہ ایک تصفیہ ہے۔ اس سے مراد ہے کہ قبل اس کے کہ عدالت کوئی فیصلہ کرتی جس سے کوئی ایک فریق "فاتح" دکھائی دیتا، یہ معاملہ طے کر لیا گیا تھا۔

اس مقدمے میں اب کیا ہو گا؟

عدالت منصفانہ سماعت کا انعقاد کرے گی تاکہ طے کر سکے کہ آیا تصفیے کی حتمی منظوری دی جائے۔ حتمی منصفانہ سماعت منعقد ہو گی:

بمقام: U.S. District Court for the Eastern District of New York
Courtroom 13B, 225 Cadman Plaza East, Brooklyn, NY 11201

بوقت: دن 11:00 بجے بتاریخ 10 نومبر 2026۔

عدالت نے فریقین کو ہدایت دی ہے کہ وہ آپ کو مجوزہ تصفیے کے بارے میں یہ نوٹس بھیجیں۔ چونکہ کلاس ایکشن میں ہونے والا تصفیہ مجوزہ کلاس کے تمام اراکین کے حقوق کا فیصلہ کرتا ہے، اس لیے اس کے نافذ ہونے سے قبل عدالت کی جانب سے تصفیے کی حتمی منظوری ضروری ہے۔ ادائیگیاں صرف تب ہی ممکن ہوں گی جب عدالت تصفیے کو منظور کر لیتی ہے۔

آپ کے لیے شرکت ضروری نہیں ہے تاہم آپ اپنے خرچے پر شرکت کر سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپ کسی وکیل کے ذریعے اس مقدمے میں باضابطہ طور پر پیش ہو سکتے ہیں۔ آپ تصفیے کے بارے میں گفتگو کرنے اور اپنی رائے کا اظہار کرنے کے لیے بھی عدالت سے پوچھ سکتے ہیں۔ اگر عدالت تصفیے کی منظوری نہیں دیتی یا فریقین اس کو ختم کرنے پر متفق ہو جاتے ہیں، تو یہ کالعدم ہو جائے گا اور قانونی چارہ جوئی جاری رہے گی۔ سماعت کی تاریخ کلاس کے اراکین کو مزید نوٹس فراہم کیے بغیر تبدیل ہو سکتی ہے۔ مزید جاننے اور سماعت کی تاریخ کی تصدیق کی خاطر، **www.PublicPartnershipsSettlement.com** پر جائیں۔

مقدمے کے بارے میں معلومات

تصفیے کے تحت کیا فراہم کیا جائے گا؟

تصفیے کے تحت درج ذیل فراہم کیا جائے گا، جو کہ زیریں ریاست کے تقریباً 200,000 ذاتی مددگاروں میں تقسیم کیا جائے گا:

- عام ہرجانے کی مد میں $40.5 ملین؛
- ویج پیریٹی معاوضے کی مد میں $25 ملین جو قبل ازیں کم از کم بنیادی کوریج (MEC) منصوبے کے لیے مختص تھے؛
- جمع شدہ بامعاوضہ رخصت کے لیے $92 ملین (اس تقسیم کی عکاسی کے لیے کلاس اراکین کے PTO بیلنس میں مطابقت پیدا کی جائے گی)؛
- $4.5 ملین کا ریزرو فنڈ؛ اور
- 30 اپریل 2027 کے بعد MEC منصوبے کے لیے مختص کوئی بھی غیرخرچ شدہ فنڈز۔

کلاس کے اراکین کو ادائیگیاں عدالت سے منظور شدہ قانونی کارروائی کے اخراجات، کلاس کاؤنسلز کی فیس، تصفیے کے انتظامی اخراجات، اور یہ مقدمہ دائر کرنے والے ہر مدعی کو دیے جانے والے سروس ایوارڈز کی ادائیگی کے بعد کی جائیں گی۔

ان تمام ادائیگیوں کا خاکہ جو Public Partnerships LLC نے دینے پر اتفاق کیا ہے، ذیل میں موجود ہے:

اس کے علاوہ، تصفیے کے حصے کے طور پر، Public Partnerships LLC نے 30 اپریل 2026 سے لازمی MEC منصوبہ ختم کر دیا ہے اور مدعیان کو MEC منصوبے اور PTO پروگرام کے حسابات کا فرانزک ماہر کی مدد سے جائزہ لینے کی اجازت دے گی، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ کلاس کو تمام دستیاب واجب الادا رقوم ادا کی جائیں۔

یہ صرف ان فوائد کا خلاصہ ہے جو تصفیے کے ذریعے دستیاب ہیں۔ براہ کرم تمام تفصیلات کے لیے یہاں منسلکہ لنک پر تصفیے کا مکمل معاہدہ ملاحظہ کریں۔

مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میں اس تصفیے کا حصہ ہوں؟

اگر آپ نے کوئی ای میل، ٹیکسٹ یا پوسٹ کارڈ موصول کیا ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ Public Partnerships LLC کے ریکارڈز سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ تصفیاتی کلاس کے ایک رکن ہیں۔ تصفیے کی کلاس میں تمام موجودہ اور سابقہ ذاتی مددگار شامل ہیں جنہیں CDPAP کے حصے کے طور پر نیو یارک شہر، نساؤ کاؤنٹی، سافک کاؤنٹی اور/یا ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی (مجموعی طور پر "زیریں ریاست کے ذاتی مددگاران") میں 1 مارچ 2025 سے لے کر 30 اپریل 2026 کے درمیان کسی بھی وقت خدمات فراہم کرنے کے عوض Public Partnerships LLC کی جانب سے بطور ریاست گیر مالیاتی ثالث کے ادائیگی کی گئی تھی۔

اگر آپ نے کوئی ای میل، ٹیکسٹ یا پوسٹ کارڈ موصول نہیں کیا اور آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کلاس کے ایک رکن ہیں تو تصفیاتی ایڈمنسٹریٹر کو ای میل یا کال کریں (PublicPartnershipsSettlement@atticusadmin.com، 1-800-314-2601)۔

میری ادائیگیاں کتنی ہوں گی؟

آپ کو ادا کی گئی رقم متعدد عوامل پر منحصر ہو گی:

(1) جب آپ 1 مارچ 2025 اور 30 اپریل 2026 کے درمیان مالیاتی ثالث Public Partnerships LLC کے ذریعے رجسٹرڈ اور ادائیگی موصول کر رہے تھے، تب آپ نے CDPAP کے تحت کتنے گھنٹے کام کیا؛

(2) کیا آپ سائن ان بونس کے لیے اہل تھے، لیکن وہ آپ کو موصول نہیں ہوا؛

(3) MEC مراعات کے لیے تفویض شدہ آپ کے معاوضے کی رقم؛ اور

(4) آپ کے معاوضے کی رقم جو PTO کے لیے تفویض شدہ تھی اور آپ کے PTO بیلنس میں کتنی رقم باقی ہے۔

کیا کوئی ٹیکس لیا جائے گا اور کون ادا کرے گا؟

جی ہاں، تصفیے کے فنڈز W2 آمدنیوں، جن سے ٹیکس کاٹ لیے جائیں گے اور 1099 آمدنیوں، جن میں سے ٹیکس کی ادائیگی کے لیے آپ ذمہ دار ہیں، دونوں پر مبنی ہوں گے۔ آپ تصفیے کے لیے موصول ہونے والی تمام تر ادائیگیوں پر ٹیکس جمع کروانے کے لیے ذمہ دار ہوں گے، خواہ آپ 1099 موصول کرتے ہوں (وفاقی قانون یہ فارمز صرف ان افراد کو ارسال کرنے کا متقاضی ہے جو غیراجرتی ہرجانوں کی مد میں $2,000 سے زیادہ موصول کر رہے ہوں)۔

تصفیے کی رقم کے علاوہ، Public Partnerships LLC آجر کی طرف کے ٹیکس بھی ادا کرے گا۔

اس تصفیے کے ذریعے نہ تو مدعا علیہان اور نہ ہی کلاس کاؤنسل آپ کو ٹیکس پر کوئی مشورہ دے رہے ہیں، لہٰذا اپنی ٹیکس ذمہ داریوں کے سلسلے میں آپ اپنے ٹیکس اور/یا اکاؤنٹنگ کے مشورے کو حاصل کرنے کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔

تصفیاتی کلاس میں موجود رہنے کے لیے میں کس چیز سے دستبردار ہوتا ہوں؟

اگر عدالت تصفیے کو منظور کر لیتی ہے تو ایسے میں تصفیہ منظوری کا حکم نامہ داخل ہونے کے 30 دن کے اندر موثر ہو جائے گا، بشرطیکہ عدالت کے فیصلے پر کوئی اپیل دائر نہ کی جائے۔ تصفیہ موثر ہو جانے پر، تصفیاتی کلاس کے ایسے تمام اراکین جو تصفیاتی کلاس سے بروقت اور حسب قاعدہ علیحدگی اختیار نہیں کرتے ہیں، Public Partnerships LLC اور تمام "پبلک پارٹنرشپس ریلیزیز" کو (تصفیاتی معاہدے میں بیان شدہ کے مطابق) درج ذیل دعووں سے آزاد کر دیں گے:

(1) وہ تمام دعوے جو تصفیاتی کلاس یا اجتماعی تصفیے کی جانب سے کیے گئے ہیں، یا جو پہلی ترمیم شدہ شکایت میں بیان کردہ حقائق کی بنیاد پر تصفیاتی کلاس یا اجتماعی تصفیے کی جانب سے کیے جا سکتے تھے؛ اور (2) وہ تمام اجرت اور وقت سے متعلق دعوے جو تصفیے پر دستخط کی تاریخ تک موجود ہیں (مجموعی طور پر یہ سب "ریلیزڈ کلاس کلیمز" کہلائیں گے)۔ مذکورہ بالا کے علاوہ، ریلیزڈ کلاس کلیمز میں ایسے تمام وفاقی، ریاستی اور مقامی دعوے شامل ہیں جو اجرت، ہرجانے، جمع شدہ چھٹیوں یا بامعاوضہ رخصت کی مراعات سے متعلق ہیں اور ان کے حوالے سے جرمانے، سود، اضافی ہرجانے، وکلاء کی فیس، لاگتوں اور اخراجات کے بارے میں دعوے جو تصفیاتی کلاس اور اجتماعی تصفیے پر تصفیہ موثر ہونے کی تاریخ تک موجود تھے، جن میں مزدوری کے منصفانہ معیارات کے ایکٹ (FLSA)، ویج پیریٹی ایکٹ (WPA)، نیو یارک لیبر لاء (NYLL)، نیو یارک لیبر لاء § 195، ارنڈ سیف اینڈ سک ٹائم ایکٹ (ESSTA)، پیڈ سک اینڈ سیف لیو لاء (PSSLL)، معاہدے کی خلاف ورزی، اور کوئی بھی متعلقہ ضوابط، آرڈیننس یا اجرتی حکم نامے، ایمپلائیز ریٹائرمنٹ انکم سیکیورٹی ایکٹ (ERISA) کے دعوے جو کہ MEC کے کسی بھی پہلو سے متعلقہ ہوں یا سیکشن IV میں بیان شدہ MEC سے متعلقہ کوئی بھی دعوے، اور پہلی ترمیم شدہ شکایت میں عائد شدہ کوئی بھی دعوے شامل ہیں۔ اس ریلیز میں 23 جون 2026 کے بعد اختیار کیے گئے رویے کی بنیاد پر کیے گئے کوئی بھی دعوے شامل نہیں۔

اس کا مطلب ہے کہ کلاس اراکین اس مقدمے میں پیش کیے گئے تمام دعووں سے دستبردار ہو جائیں گے، اور مندرجہ بالا میں بیان شدہ کے مطابق، 1 مارچ 2025 سے 23 جون 2026 کے درمیان کے انہی دعووں اور اجرت و اوقاتِ کار سے متعلق تمام دعووں کے حوالے سے مستقبل میں Public Partnerships LLC کے خلاف مقدمہ دائر کرنے کے اپنے حق سے بھی دستبردار ہو جائیں گے۔

اہم ترین بات یہ ہے کہ مندرجہ بالا دستبرداری میں FLSA کے تحت سامنے آنے والے دعوے بھی شامل ہیں، جو کہ اجرت اور اوقات کار کا وفاقی قانون ہے۔ مدعیان یہ سمجھتے ہیں کہ یہ منصفانہ ہے کیونکہ FLSA کے تحت کیے جانے والے تمام تر دعوے، نیو یارک کے قابل نفاذ قوانین کے تحت کیے گئے ریاستی قانون کے تحت تمام دعووں سے ملتے جلتے ہیں۔ **اگر آپ اس تصفیے سے علیحدگی اختیار نہیں کرتے اور عدالت تصفیہ منظور کر لیتی ہے، تو ایسے میں آپ FLSA خلاف ورزیوں کے خلاف کوئی بھی دعویٰ کرنے کے حق سے دستبردار ہو جاتے ہیں، جس میں FLSA کے تحت 23 جون 2026 تک واجب الادا کوئی بھی غیرادائیگی شدہ اجرتیں اور کوئی بھی دستیاب جرمانے شامل ہیں۔**

جیسا کہ مندرجہ بالا میں بیان کیا گیا ہے، یہ دستبرداری آپ کے حقوق کو متاثر کر سکتی ہے اور مستقبل میں اس کے نتیجے میں کوئی ذمہ داریاں عائد ہو سکتی ہیں۔ تصفیاتی معاہدے میں موجود اس دستبرداری کی مکمل شرائط کا جائزہ لینے کے لیے، نیز مدعیان کی اوّلین ترمیم شدہ شکایت اور دیگر متعلقہ دستاویزات کا جائزہ لینے کے لیے، براہ کرم یہاں کلک کریں۔

طے کرنا کہ کیا کِیا جائے

میں اپنی آپشنز پر کس طرح غور و فکر کروں؟

آپ کے پاس تین آپشنز موجود ہیں۔ آپ یہ کر سکتے ہیں کہ کچھ بھی نہ کریں اور تصفیے کی رقم موصول کر لیں، آپ تصفیے سے علیحدگی اختیار کر سکتے ہیں یا پھر آپ تصفیے پر اعتراض کر سکتے ہیں۔ یہ چارٹ ہر ایک آپشن کے اثرات کو ظاہر کرتا ہے:

	کچھ نہیں کرنا چاہتے	علیحدگی اختیار کرنا	اعتراض کرنا
کیا میں تصفیے کی رقم موصول کر سکتا ہوں اگر . . .	ہاں	نہیں	ہاں
کیا میں اس مقدمے کی شرائط کا پابند ہوں اگر . . .	ہاں	نہیں	ہاں
کیا میں خود اپنا کیس جاری رکھ سکتا ہوں اگر . . .	نہیں	ہاں	نہیں
کیا کلاس کے وکلاء میری نمائندگی کریں گے اگر میں . . .	ہاں	نہیں	نہیں (اعتراض کے حوالے سے)

ادائیگی وصول کرنا

میں اپنی ادائیگی کیسے وصول کروں گا؟

اگر Public Partnerships LLC نے اس وقت آپ کی آخری ادائیگی ڈائریکٹ ڈپازٹ کے ذریعے کی تھی جب آپ Public Partnerships LLC کے ہمراہ خدمات فراہم کرتے تھے، تو آپ کی تصفیے کی رقم بھی اس آخری بنک اکاؤنٹ میں ڈائریکٹ ڈپازٹ کی شکل میں بھیجی جائے گی جو کہ Public Partnerships LLC کی فائل میں آپ کے حوالے سے موجود ہے۔ اگر آپ نے اپنی تنخواہ Public Partnerships LLC کی جانب سے چیک کے ذریعے موصول کی تھی، تو آپ کی تصفیے کی ادائیگی بذریعہ چیک کی جائے گی۔

اگر آپ اپنے پتے یا ادائیگی سے متعلق معلومات کی تصدیق کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم 1-800-314-2601 پر تصفیاتی ایڈمنسٹریٹر اٹیکس ایڈمنسٹریشن، سے رابطہ کریں۔

اگر آپ اپنی ادائیگی بذریعہ چیک وصول کرنا چاہتے ہیں اور آپ Public Partnerships LLC کے ہمراہ کام کرنے کے بعد سے گھر تبدیل کر چکے ہیں، تو آپ اپنا چیک وصول کرنے کے لیے، یہاں پر کلک کرتے ہوئے اپنا ڈاک کا پتہ اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔

کیا اس قانونی چارہ جوئی میں میرے پاس کوئی وکیل موجود ہے؟

ایک کلاس ایکشن میں، عدالت کیس پر کام کرنے اور کلاس کے تمام اراکین کے مفادات کی نمائندگی کرنے کے لیے کلاس کے نمائندگان اور وکلاء کو مقرر کرتی ہے۔ اس تصفیے کے لیے، عدالت نے درج ذیل افراد اور وکلاء کو مقرر کیا تھا۔

آپ کے وکلاء: Katz Banks Kumin LLP (ہیو بیرن، ایما والٹرز اور ایوی کیومن) اور دی لیگل ایڈ سوسائٹی (رچرڈ بلوم، ربیکا کوک میک، مائیکل ڈیلر، بی فرانکو اولشینسکی، الزبتھ سیلر، بیلکیز گارسیا اور ربیکا اینٹر) کلاس کاؤنسل کے طور پر مقرر کیے گئے ہیں۔

یہ وہ وکلاء ہیں جنہوں نے آپ کے نام پر اس تصفیے میں مذاکرات کیے ہیں۔

اگر آپ اپنے وکیل کے ذریعے سے اپنی نمائندگی کرنا چاہتے ہیں، تو آپ اپنے خرچے پر ایک وکیل خود مقرر کر سکتے ہیں۔

کیا اس مقدمے میں مجھے وکلاء کو ادائیگی کرنا ہو گی؟

وکلاء کی فیس اور اخراجات تصفیے کے فنڈ سے ادا کیے جائیں گے۔ **آپ کو براہ راست وکلاء کو ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔**

تاحال، آپ کے وکلاء کو ان کے کام یا وہ اخراجات جو انہوں نے اس کیس کے سلسلے میں کی گئی ادائیگیوں کی شکل میں کیے ہیں، ان کے لیے کوئی بھی رقم ادا نہیں کی گئی ہے۔ اپنے وقت اور کامیابی کی صورت کے علاوہ ادائیگی کی کسی بھی ضمانت کے بغیر یہ مقدمہ پیش کرنے کے سبب سے، آپ کے وکلاء اس تصفیے کی حتمی منظوری کے حصے کے طور پر درخواست کریں گے کہ عدالت تصفیے کے فنڈ کے 15%تک کو وکلاء کی فیس مع جیب سے ادا کیے گئے اخراجات کے لیے بازادائیگی، نیز تصفیے کے انتظامات کی لاگت کے طور پر منظور کرے۔

وکلاء کی فیسیں اور اخراجات صرف اسی صورت میں ادا کیے جائیں گے جب عدالت کی جانب سے انہیں منصفانہ اور معقول رقم قرار ردیا جائے۔ آپ وکلاء کی فیسوں پر اس صورت میں بھی اعتراض کر سکتے ہیں جب آپ یہ سمجھتے ہوں کہ تصفیے کی شرائط منصفانہ ہیں۔

آپ کے وکلاء عدالت سے یہ تقاضا بھی کریں گے کہ وہ ہر ایک کلاس نمائندے (فلپ کالڈیرون، ایلیسن فیلڈز، فرشاد پنچاسی اور ڈینا فولگر) میں سے ہر ایک کو ان کے وقت اور اس کیس کے سلسلے میں ان کی کوششوں کے عوض $15,000 تک کی ادائیگی کرے۔ عدالت کی جانب سے منظوری کی صورت میں، سروس ایوارڈز بھی تصفیے کے فنڈ سے ادا کیے جائیں گے۔

علیحدگی اختیار کرنا

اگر میں اس تصفیے کا حصہ نہیں بننا چاہتا تو کیا ہو گا؟

آپ دستبردار ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ کو ادائیگی موصول نہیں ہو گی اور آپ تصفیے پر اعتراض نہیں کر سکیں گے۔ تاہم، اس طرح آپ اس قانونی چارہ جوئی میں ہونے والے کسی بھی فیصلے سے پابند یا متاثر نہیں ہوں گے اور آپ اپنا ذاتی مقدمہ دائر کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔ مجوزہ تصفیے میں پروگرام میں جن تبدیلیوں کا مطالبہ کیا گیا ہے، آپ خود کو ان سے علیحدہ نہیں کر سکتے۔

میں کیسے علیحدگی اختیار کروں؟

تصفیے سے علیحدگی اختیار کرنے کے لیے، آپ کو یہاں موجود علیحدگی کا فارم مکمل کرنا ہو گا اور اسے تصفیاتی ایڈمنسٹریٹر کو درج ذیل پتے پر 19 ستمبر 2026 تک کی ڈاک کی مہر کے ساتھ روانہ کرنا ہو گا:

Public Partnerships Settlement
c/o Atticus Administration
PO Box 64053
St. Paul, MN 55164
1-800-314-2601

آپ فارم تصفیے کی ویب سائٹ www.PublicPartnershipsSettlement.com پر لاگ ان کرتے ہوئے اپ لوڈ بھی کر سکتے ہیں یا پھر اسے ایڈمنسٹریٹر کو ای میل بھی کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ اس طریقے سے علیحدگی کا فارم ارسال کرتے ہیں، تو ایسے میں اسے طرح ارسال کریں کہ یہ 19 ستمبر 2026 تک موصول ہو جائے۔ اپنا نام، پتہ، تاریخ پیدائش، ٹیلیفون نمبر اور دستخط ضرور شامل کریں۔

اعتراض کرنا

اگر مجھے تصفیے پر اعتراض ہو تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کو تصفیے کے کسی بھی حصے سے عدم اتفاق ہے (بشمول وکلاء کی فیسیں) لیکن آپ علیحدگی نہیں اختیار کرنا چاہتے، تو آپ اعتراض کر سکتے ہیں۔ آپ کو دلائل پیش کرنا ہوں گے کہ آپ یہ کیوں سمجھتے ہیں کہ عدالت کو تصفیہ منظور نہیں کرنا چاہیئے اور یہ بتائیں کہ آیا آپ کا اعتراض محض آپ یعنی کلاس کے ایک حصے پر نافذ ہوتا ہے یا کہ پوری کلاس پر۔ عدالت آپ کے خیالات پر غور کرے گی۔ عدالت صرف اور صرف تصفیے کو منظور یا رد کر سکتی ہے، وہ تصفیے کی شرائط کو تبدیل نہیں کر سکتی۔ آپ اگر چاہیں تو اپنی مدد کے لیے اپنے خرچے پر وکیل کر سکتے ہیں لیکن ایسا کرنا لازمی نہیں۔

اعتراض کرنے کے لیے آپ کو ایڈمنسٹریٹر کے نام ایک خط ارسال کرنا ہو گا جس پر:

(1) 19 ستمبر 2026 تک کی ڈاک کی مہر موجود ہو؛
(2) کیس کا نام اور نمبر شامل ہو (*Calderon et al v. Public Partnerships LLC*، کیس نمبر 25-LKE)(FB)(cv-2320))
(3) آپ کا پورا نام، پتہ، ٹیلی فون نمبر اور ای میل ایڈریس شامل ہو؛

(4) آپ کے اعتراض کی وجوہات بیان کرتا ہو؛
(5) بتاتا ہو کہ آیا آپ یا آپ کا وکیل حتمی منظوری کی سماعت میں شامل ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں، نیز آپ کے وکیل کا نام؛
(6) آپ کے دستخط

یہ خط اس پتے پر ارسال کریں:

Public Partnerships Settlement
c/o Atticus Administration
PO Box 64053
St. Paul, MN 55164

کچھ نہیں کرنا چاہتے

کچھ نہیں کرنے کے کیا نتائج ہوں گے؟

اگر آپ کچھ نہیں کرتے، تو آپ ایک ادائیگی اور دیگر ریلیف حاصل کریں گے اور آپ تصفیے کے تحت اور اس کی "ریلیز" کی شرائط کے تحت پابند ہوں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ اس کیس میں شامل مسائل کے حوالے سے Public Partnerships LLC (یا کسی بھی متعلقہ ادارے یا افراد) کے خلاف کسی بھی قانونی چارہ جوئی کا آغاز کرنے، جاری رکھنے یا اس کا حصہ نہیں بن سکیں گے، جس میں Public Partnerships LLC کے خلاف 23 جون 2026 تک مزدوری کے منصفانہ معیارات کے ایکٹ (FLSA) کے تحت کیے گئے کوئی بھی دعوے شامل ہیں۔ دعووں، نیز تصفیے کی منظوری کی صورت میں ریلیز کیے جانے والے افراد کی مکمل تفصیل یہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

اہم وسیلہ جات

میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

یہ نوٹس مجوزہ تصفیے کا ایک خلاصہ ہے۔ مکمل تصفیہ مع شرائط یہاں دیکھا جا سکتا ہے۔ تصفیے کے معاہدے کی کاپی حاصل کرنے یا اپنے سوالوں کے جواب حاصل کرنے کے لیے:

- ایڈمنسٹریٹر کو کال کریں (1-800-314-2601)
- www.PublicPartnershipsSettlement.com پر مقدمے کی ویب سائٹ وزٹ کریں
- عدالت کے الیکٹرانک ریکارڈز (PACER) کے نظام تک آن لائن رسائی حاصل کریں یا عدالت کے کلرک کے دفتر (جس کا پتہ نیچے درج ہے) تشریف لے جائیں۔

ماخذ	رابطے کی معلومات
مقدمے کی ویب سائٹ	www.PublicPartnershipsSettlement.com
تصفیاتی ایڈمنسٹریٹر	Public Partnerships Settlement c/o Atticus Administration PO Box 64053

	St. Paul, MN 55164 1-800-314-2601 PublicPartnershipsSettlement@atticusadmin.com
آپ کے وکلاء	**KATZ BANKS KUMIN LLP** ہیو بارن ایما والٹرز اوی کیومن 111 Broadway, Suite 1403 New York, NY 10006 (646) 759-4501 PPLSettlementInquiries@katzbanks.com **لیگل ایڈ سوسائٹی** رچرڈ بلوم ربیکا کوک میک مائیکل ڈیلر بی فرانکو اولشینسکی الزبتھ سیلر بیلکیز گارسیا ربیکا انتار 49 Thomas Street, Fifth Floor New York, NY 10013 (212) 440-4300 civ_hq_employment@legal-aid.org
عدالت (رابطہ نہ کریں)	U.S. District Court for the Eastern District of New York 255 Cadman Plaza East Brooklyn, NY 11201